(محکمۂ تعلیمات پنجاب نے تعلیم بالغان کے لئے شائع کیا)

# اُردُو کا

# آسان قاعدہ

مصنّفہ

محمدؐ عبدالغنی اؔصغر

---

یہ قاعدہ میرا ہے

میرا نام ــــــــــ ہے

مَیں نے یہ قاعدہ ــــــ سنہ ۱۹ ـــ ء کو شروع کیا تھا

# اس قاعدے کی خوبیاں

پچھلے چند سالوں سے بالغوں کی تعلیم کو آسان دلچسپ اور مفید بنانے کے لئے خاص کوششیں کی جارہی ہیں۔ اردو کا یہ قاعدہ بھی انہی کوششوں کے سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اس قاعدے کو حروف تہجی کی بجائے مکمل فقروں سے شروع کیا ہے اور کوشش کی ہے کہ فقروں سے لفظ اور لفظوں سے حرفوں کی آوازیں استاد کی مدد سے طالب علم خود پہچان لیں۔ یعنی طالب علموں کو بہت تھوڑے لفظ سکھائے جائیں۔ اور زیادہ وہ خود اپنی کوشش سے سیکھیں۔ اس قاعدے میں صرف ۹۹ نئے لفظ سکھائے گئے ہیں۔ اور ان میں بھی اس بات کا خیال رکھا ہے کہ نئے لفظ اس قسم کے ہوں جو عام طور پر پڑھے ہوئے لفظوں سے بن جائیں ×

اس قاعدے میں ایسے لفظ لئے گئے ہیں۔ جو بالغوں کی روزمرہ کی زندگی سے گہرا تعلق رکھتے ہیں۔ اور ان کے ذریعے تمام مفرد اور مرکب حروف کی آوازیں حروف کی مختلف شکلیں اور ان کو آپس میں ملانے کی مختلف صورتیں ذہن نشین کرائی جاسکتی ہیں۔ نیز ان کے جزا کو ملانے سے بیسیوں نئے بامعنی لفظ اور فقرے خود بخود بنتے چلے جاتے ہیں۔ پڑھے ہوئے اجزا کے الٹ پھیر سے نئے لفظ بنا کر طالب علم نہ صرف ایک قسم کی خوشی ہی محسوس کرتے ہیں۔ بلکہ ان میں ایک طرح کی خود اعتمادی بھی پیدا ہو جاتی ہے جس سے ان کے لئے پڑھنا سیکھنا آسان ہو جاتا ہے ×

اسباق کی ترتیب میں بہت زیادہ خیال اس بات کا رکھا ہے کہ بالغوں کو بہت تھوڑے عرصے میں پڑھنا لکھنا آجائے۔ اس قاعدے میں صرف دو کہانیاں ہیں۔ معمولی قابلیت کا بالغ بھی زیادہ سے زیادہ دو مہینے میں اس قاعدے کو ختم کرسکتا ہے ×

اصغر

## سبق نمبر ۱

# جاٹ اَور لوہار

ایک جاٹ ۔ اور ۔ ایک لوہار

لال ایک جاٹ تھا

تاج ایک لوہار تھا

نئے لفظ :۔ جاٹ ۔ لوہار ۔ اَور ۔ ایک ۔ تھا ۔ لال ۔ تاج ٭

اجزا :۔ جا ۔ ٹ ۔ لو ۔ ہا ۔ ر ۔ اَو ۔ ر ۔ ایا ۔ ک تھا ۔ لا ۔ ل ۔ تا ۔ ج ٭

نئے اجزا :۔ جا ۔ لا ۔ تا ۔ ہا ۔ تھا ۔ لو ۔ اَو ایا ٭

ٹ ۔ ر ۔ ک ۔ ج ۔ ل

مشق :۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| لال | جال | تھال | تال |
| جاٹ | لاٹ | ایک | تاک |
| تاج | لاج | ہار | تار |
| اَور | جاتا | لاتا | تالا |

لال جا ۔ تھال لا ۔ ایک تھال لا
لو تھال لو ۔ تاج جا ۔ ایک ہار لا
لو ۔ ہار ۔ لو

جاٹ تار لا ۔ جاٹ جاتا تھا
تار لاتا تھا ۔ لو ۔ تار لو
تاج تالا لا ۔ ایک تالا لا
تاج جاتا تھا ۔ تالا لاتا تھا
تاج لوہار لوہا لاتا تھا

---

## سبق نمبر ۲

# دو لڑکے

جاٹ کے دو لڑکے تھے
ایک کا نام دارا تھا
ایک کا نام مُراد تھا
دارا بڑا تھا
مُراد چھوٹا تھا

دارا آٹھ سال کا تھا
مُراد دو سال کا تھا

نئے لفظ :- دو - لڑکے - کا - نام - دارا مُراد
بڑا - چھوٹا - آٹھ - تھے ÷

اجزا :- لڑ - کے - نا - م - دا - را - مُ -
را - د - بَڑا - لَڑ - چھو - ٹا -
آ - ٹھ - دو - کا - تھے ÷

نئے اجزا :- آ - دا - نا - را - ڑا - ٹا -
دو - کے - لَ - بَ - مُ ÷

م - د - ڑ - ٹھ

مشق :- آم - نام - کام - تھام - رام -
دام - دال - تاڑ - آٹھ - ساٹھ - کاٹھ -
مُراد - داد - داتا - دادا - راجا - دانا -
آرا - سارا - نانا - کانا - آنا - جانا -
آٹا - لوٹا - لڑکا

---

ایک تھا راجا - ایک تھا جاٹ - ایک تھا لوہار
راجا کا نام رام تھا - جاٹ کا نام لال، تھا

لوہار کا نام تاج تھا ۔ لال کے دو لڑکے تھے
دارا اور مُراد ۔ لال بڑا دانا تھا ۔ آم لا ۔
آٹھ لال لال آم لا ۔ دادا ۔ دام دو ۔
لو دارا دام لو ۔ تاج دال لا دو ۔
راجا داتا تھا ۔ راجا کے لڑکے کا نام راج تھا
دارا لوٹا لا ۔ مُراد جا سارا آٹا لا ۔
لو دادا آٹا لو

---

## سبق نمبر ۳

# جاٹ کا بھائی

لال کا ایک بھائی تھا
اُس کا نام گلاب تھا
گلاب کے دو لڑکے تھے
چراغ بڑا تھا
بھاگ چھوٹا تھا
چراغ سات سال کا تھا
بھاگ چار سال کا تھا

نئے لفظ :- بھائی - گلاب - چراغ - بھاگ - ساٹ - چار - اُس ٭

اجزا :- بھا - ئی - گو - لا - ب - بھا - گ - سا - ت - چا - ر - اُ - س ٭

نئے اجزا :- بھا - چا - ئی - چَر - اُ ٭

# غ - گ - ب - ت - س

مشق :- چراغ - آگ - راگ - ساگ - جاگ
لوگ - باگ - داب - راب - لات
آگ - ناگ - چاگ - چالاک
داس - راس - ناس - آس
آئی - دائی - نائی - لائی
لوئی - چارا - چَل
چَلو - چَلا

---

چراغ جا - سات آٹھ آم لا - دارا رات آئی
آگ لا - بھاگ لوئی لادو - جاٹ ساگ
لاتا تھا - نائی بڑا چالاک تھا ٭

اَ کی آواز کی مشق :- مُراد - دارا - چار - چارا بڑا ٭

د - دا - ر - را - ڑ - ڑا - آ - جا
لا - ہا - تھا - نا - تا - کا - ٹا بھا
چا - ہا - آنا - جانا - تانا - چاہا ٭

حروف کی مختلف شکلیں :- دا - د - را - ر - ڑا
ڑ - نا - ن - تا - تہ - ت - جا - ج
ج - لا - ل - ل - کا - ک - ک -
ٹا - ٹ - ٹ - چا - چ - چ - ہا - ہ
بھا - بھ - تھا - تھ - آ - اُ - ا ٭

ا ب ٹ ج
د ر ڑ ک
س گ ل م
بھ تھ

## سبق نمبر ۴

# دو بھائی

لال اور گلاب بھائی بھائی تھے
دونوں کی کافی زمین تھی
دونوں کا ایک ایک باغ تھا
دونوں کے کھیت پاس پاس تھے
لال آپ بھی کام کرتا ۔ اس کے لڑکے بھی کام کرتے ۔
گلاب نہ آپ کام کرتا ۔ نہ اس کے لڑکے کام کرتے ۔

نئے لفظ :۔ دونوں ۔ کافی ۔ زمین ۔ باغ ۔ کھیت ۔ پاس ۔ آپ ۔ کرتا ۔ کی ۔ تھی ۔ نہ ۔

اجزا :۔ دو ۔ کا ۔ فی ۔ زمین ۔ با ۔ غ ۔ کھیت ۔ پا ۔ س ۔ آ ۔ پ ۔ کر ۔ تا ۔ تھی ۔ نہ ۔

نئے اجزا :۔ پا ۔ فی ۔ کھی ۔ کر ۔ نہ ۔ تھی

زَ ریہ ✣

# پ - ن

مشق :- آپ - باپ - تاپ - پان - دان
جان - کان - آپا - پارا - نوٹ
نوک - کھیل - کھیس - کرنا - کرنا
دانہ - ساتھی - ہاتھی ✣

---

ایک تھا لڑکا - ایک تھی لڑکی - لڑکے کا نام کرتار تھا - لڑکی کا نام تارا تھا - راجا تارا کا باپ تھا - لال ایک جاٹ تھا - مُراد اُس کا بھائی تھا - لال کے پاس کافی زَمین تھی - لال بڑا دانا تھا - مُراد کام نہ کرتا تھا - اُس کے پاس ایک دانہ بھی نہ تھا - راجا داتا تھا - دان کرتا تھا آپا دال لائی تھی - تاج آگ تاپ ✣

زبر کی مشق :- ب - بَ - چ - چَ - ک - کَ -
ل - لَ - ز - زَ - باز - راز -

ساز ✣

ا - اَ - اَب - ر - رَ - رَب - د - دَ
دَس - دَل - دَم - ہَٹ - ہَل -
ن - نَ - ت - تَ - تَک - چ - چَ -
چَل - ک - کَ - کَم - گ - گَ - گَل -
بَرکَت - بَرتَن - دَرجَن - چِلا - لگا -
بَڑا - ہَرا - بَھرا - سلام - لگام -
بَرکَت بَرتَن لا - دو دَرجَن آم لا دو -
لال کا کھیت ہَرا بَھرا تھا - آپا دال
دَل - راج ہَٹ نہ کَرَ - ہَل لا -
باپ کو سلام کَر - کَم نہ دو ✣

---

## سبق نمبر ۵

# لال کا کھیت

لال کا کھیت ہَرا بَھرا تھا

ایک کونے میں کھاد کا گڑھا تھا
ایک طرف مِرچ کے پَودے تھے
ایک کونے میں حَوض تھا
حَوض میں صاف پانی تھا
کھیت کے گِرد باڑ تھی

نئے لفظ :- کونے - میں - کھاد - گڑھا - طرف
مرچ - پَودے - حَوض - گِرد
پانی - صاف ÷

اجزا :- کو - نے - کھا - د - گ ڑھا - طَ -
رَف - مِر - چ - پَو - دے - حَو -
ض - گِر - د - پا - نی - صا -
ف ÷

نئے اجزا :- کو - نے - کھا - ڑھا - طَ - مِر
پَو - دے - گِر - حَو - نی ÷

ف ض چ

ط ڑھ کھ

مشق :- حَوض - ناراض - لاف - ناف -

پَڑھ ۔ بَڑھ ۔ چَڑھ ۔ مِرچ ۔ ناچ ۔
نوچ ۔ رَکھ ۔ چَکھ ۔ کھانا ۔ کھائی ؀

---

تارا کھانا لائی ۔ تارا کھانا رکھ دے ۔
دال چَکھ لو ۔ نانا کو مِرچ دے آ ۔ صاف
پانی لا ۔ پَڑھ کَر گھر آجا ۔ آج دادا ناراض
نہ تھا ؀

و کی آواز کی مشق :۔ و ۔ دو ۔ ر ۔ رو ۔ روک ۔
ک ۔ کو ۔ کوٹ ۔ ل ۔ لو ۔ لوگ ۔
ب ۔ بو ۔ بولا ۔ بولو ۔ بول ۔ ڈ ۔ ڈو
ڈول ۔ کھ ۔ کھو ۔ کھول ۔ تھ ۔ تھو
تھوڑا ۔ ڑ ۔ ڑو ۔ چھوڑو ۔ چھوٹا ۔
س ۔ سو ۔ سونا ۔ ج ۔ جو ۔ جوڑا ۔
ہ ۔ ہو ۔ رَہو ۔ چلو ۔ گرو ۔ بَکو ؀

تھوڑا بولو ۔ چھوٹا لڑکا آیا ۔ جاٹ بولا ۔
ڈول کھول لا ۔ جو ہو ۔ سو ہو ۔ کالا کوٹ
لادو ۔ کھوٹا سونا نہ لا ۔ راج آج کوٹ
دھولو ؀

چھو　　پچھ　　چھ

چھت - چھم - پچھم - چھَن چھَن

چھوڑ - چھوٹا ؛

---

## سبق نمبر ۶

# لال کی گائے

لال کے پاس ایک گائے تھی ؛

لال گھاس لاتا - گائے کو ڈالتا - گائے دُودھ دیتی ؛

لال کے لڑکے دُودھ پیتے تھے - گائے کا تازہ تازہ دُودھ پیتے تھے - لال کے لڑکے موٹے تازے تھے ؛

نئے لفظ :- گائے - گھاس - ڈالتا - دُودھ - دیتی - پیتے - تازہ - موٹے - تازے ؛

اجزا :- گا - ئے - گھا - س - ڈال - تا - دُو دھ - دیتی - تا - زہ - مو - ٹے -

تا ۔ زے ؎

نئے اجزا :۔ گا ۔ تا ۔ گھا ۔ زہ ۔ ڈا ۔ ل ۔
دو ۔ مو ۔ دہ ۔ تی ۔ پد ۔ تے
زے ۔ ئے ۔ ڈا ۔ ڈ ۔ گھا ۔
گھ ۔ مو ۔ م ؎

گ

ڈ ۔ گھ ۔ دھ ۔ ہ

مشق :۔ ما ۔ ماگھ ۔ گھر ۔ گھوڑا ۔ گھَٹ ۔
لاڈ ۔ ڈول ۔ دھان ۔ دھو ۔ آدھا
راہ ۔ چاہ ۔ ماہ ۔ آئے ۔ لائے
جائے ۔ گائے ۔ کھائے ۔ سائے
رائے ؎

---

لال گائے لائے گا ۔ تاج آئے گا ۔ آم
لائے گا ۔ مُراد آم کھائے گا ۔ گائے کو
چارَہ ڈال دو ؎

ا
ے کی آواز کی مشق :۔ د ۔ دے ۔ ز ۔ زے ۔
ک ۔ کے ۔ تھ ۔ تھے ۔ ل ۔ لے ۔ ن ۔

ـنے ؞

دانے ۔ لانے ۔ کھانے ۔ نہانے ۔

سارے ۔ آرے ۔ بھاگے ۔ کالے ۔

چِلانے ۔ چلاتے ۔ ڈالتے ۔ کپڑے ۔

ڈُرے ۔ گرے ۔ سَڑے ۔ ہَرے ۔

بھَرے ؞

لال کے سارے کھیت ہرے بھرے تھے ؞

سَڑے سَڑے آم نہ کھا ؞

لڑکے بھاگے جاتے تھے ؞

کالے کالے دانے نہ کھا ؞

دارا کے کپڑے صاف تھے ؞

اے کی دوسری شکل :۔اے ۔ ایک ۔ دے ۔ دیہ ۔ دیتی

دیکھ ۔ دیر ۔ لے ۔ لِ ۔ لیٹ ۔ رے ۔

ریۃ ۔ ریل ۔ سے ۔ سبۃ ۔ سیر ۔ کھے ۔

کھیۃ ۔ کھیل ۔ کے ۔ کیۃ ۔ کیا ؞

دَیر نہ کَر ۔ دیکھ کر چل ۔ لیٹ کر نہ

پَڑھ ۔ دیر تک نہ کھیل ۔ چار سیر بیر لا ؞

## سبق نمبر ۷

# گلاب کی گائے

گلاب کے پاس بھی ایک گائے تھی
ایک چھوٹی سی گائے
یہ اُسے نہ چارہ ڈالتا نہ صاف پانی پِلاتا۔
اَور نہ صاف تھان پر باندھتا۔ یہ بڑا کاہِل
تھا۔ اِس کا لڑکا بھی کاہِل تھا ✤

نئے لفظ :- چھوٹی ۔ سی ۔ اُسے ۔ پِلاتا ۔ باندھتا
کاہِل ۔ اِس ۔ یہ ✤

اجزا :- چھو ۔ ٹی ۔ سی ۔ اُ ۔ سے ۔ پِ ۔ لا ۔ تا
با ں دھ ۔ تا ۔ کا ۔ ہِل ۔ اِ ۔ س ۔ یہ

ئے

نئے اجزا :- ٹی ۔ سی ۔ سے ۔ با ں دھ ۔ اُ ۔ پِ
ہِ ۔ اِ ۔ یہ ✤

دِل ۔ دِن ۔ کِر ۔ گِر ۔ کِس ۔ گِ ۔ گِر

گِن ۔ جِ ۔ چِ ۔ جِس ۔ سِر ۔ لِکھ ۔

بِل ۔ مِٹ ۔ سِل ۔ بِلو ۔ گِنو ۔ نِکل

کِتاب ۔ نِکال ۔ پِلا ۔ کِھلا ۔ مِلا ٭

---

دِن بھر نہ لِکھ ۔ کِتاب نِکال کر پڑھ ۔ یہ سِر پَر رَکھ ۔ بھاگ کَر جا ۔ سِل لے آ۔ اِن سے مِل لو ۔ کاہل نہ بن ۔ گائے کو چارہ ڈال ۔ صاف پانی پِلا ۔ صاف تھان پَر باندھ ۔ لال کی گائے دُودھ دیتی تھی ٭

---

## سبق نمبر ۹

# دُکان دار

گاؤں میں ایک امیر آدمی رَہا کَرتا تھا ۔

وُہ ذات کا شیخ تھا۔ اُس کا نام ظَفَر تھا
اُس کے دو بیٹے تھے۔ بڑے کا نام شاکِر
تھا۔ اَور چھوٹے کا نام وارِث تھا۔ شاکِر
اور وارِث مَدرِسے میں پَڑھتے تھے ؛

نئے لفظ :۔ ذات ۔ شاکِر ۔ وارِث ۔ مَدرسے ۔
شیخ ۔ دُکان ۔ ظَفر ۔ امیر ۔
گاؤں ؛

اجزا :۔ ذا ۔ ت ۔ شا ۔ کِر ۔ وا ۔ رِث ۔
مَد ۔ رِ ۔ سے ۔ شیخ ۔ دُ ۔ کا ۔ ن
ظ فَ ر ۔ اَ میِ ر ۔ گا ۔ ؤ ۔ ں ؛

نئے اجزا :۔ ذا ۔ شا ۔ وا ۔ رِث ۔ مَد ۔
شیَ ۔ خ ۔ میِ ۔ ر ۔ ظَ ۔ فر ۔
ؤ ۔ ں ؛

خ و ذ

ظ ث

شام ۔ شاخ ۔ شان ۔ ظالِم ۔ آؤ ۔ جاؤ

ای کی آواز کی مشق :- تھ - تھی - ت - سی - ک -
کی - د - دی - شادی - ج - جی - ر
ری - آری - دادی - گاڑی - چابی -
بکری - آدمی - چوری - گھڑی - بڑی -
کبھی - چلی - دری - رہی - کاپی -
درزی ٭

دادی سے دری لے آ - آج گھڑی کو
چابی نہ دو - کاپی لا دو - چار بجے کی گاڑی
آئی ہے - صاف پانی پی - آری لے جا ٭

ای کی دوسری شکل :- پی - پیتا - می - امیر -
زمین - کی - کیا - کیا - دی - دیا
کھیر - بھیڑ - پیس - چیز - بیس -
دیئے - جریب - شریف - شریر -
قمیص - لطیف - چیچک - ٹیکہ -
شیشم - کیکر - بیماری ٭

جریب سے کھیت ناپ - شریف بن -
درزی سے قمیص لا - بیس سیر دانے پیس
لا - روز داتن کرو - بیمار نہ ہوگے - چیچک

کا ٹیکہ کراؤ۔ چیچک نہ ہوگی۔ بیٹے کی شادی پر تھوڑا خرچ کر ٭

## سبق نمبر ۹

# باغ

ایک دِن شاکِر اَور وارِث باغ میں گئے ٭
باغ میں گلاب کے پُھول تھے ٭
آم اَور اَنار کے دَرخت تھے اور صاف پانی کا ایک حَوض تھا ٭
باغ کے مالی کا نام پَرکاش تھا ٭
پَرکاش سو رہا تھا۔ جب جاگا تو اُس نے دیکھا کہ شاکِر پھول توڑ رہا ہے۔ پَرکاش نے شاکِر کو خُوب پیٹا۔ اُس نے رونا شُرُوع کَر دیا ٭

نئے لفظ :۔ پَرکاش ۔ خُوب ۔ پُھول ۔ دَرخت

شُرُوع ٭

اجزا :- پَر - کا - ش - خُو - ب - پُھو - ل - دَ - رَخْ - ت - شُ رُو - ع ٭

# ش ع

مشق :- تاش - لاش - ماش - پَرکاش - شُرُوع ٭

پیش کی آواز :- ا - اُ - اُس - د - دُ - دُکان - گ - گُ - گُلاب - ر - رُ - رُک ٭

دُم - اُٹھ - گُڑ - چُپ - لُٹ - سُن - کُچھ - چُن - دُکھ - سُکھ - اُسے - تُجھے - مُجھے - سُنو - بُنو - بُرا - سُنار - بُخار - دُکان - گُلاب ٭

تُجھے بُخار ہَے - کونین کھا لو - اُٹھ کر بات سُن - اُسے دُکھ نہ دو ٭

اُو کی آواز :- د - دُو - دُودھ - بھ - بھُو - ک - کھ - کھُو - ک ٭

چُوس - چُوہا - آڑُو - آلُو - پھو کھ

کمرے میں نہ تھوک ۔ بھوک ہو تو دودھ پی لو ۔ گھر میں چوہے ہوں تو پلیگ ہو جاتی ہے ۔ اون کا کوٹ لا ۔ بھائی سے نہ روٹھ جا ۔ آم ۔ چوس ۔

---

## سبق نمبر ۱۰

# شکاری

ظفر دکان دار تھا ۔ اس کی دودھ کی دکان تھی ۔ وہ خالص دودھ بیچا کرتا تھا ۔ اس نے دودھ گرم کرنے کے لئے چولھا بنایا تھا ۔ وہ دودھ کو چولھے پر گرم کیا کرتا تھا ۔ اس کی دکان پر بڑے گاہک آیا کرتے تھے ۔ وہ بڑے روپئے کماتا تھا ۔ اسے شکار کا بھی شوق تھا ۔ اس کے پاس ایک بندوق تھی ۔ وہ بڑا شکاری تھا ۔ دن بھر دکان پر بیٹھا رہتا ۔ شام کے قریب شکار کو جاتا اور کچھ

نہ کچھ لے ہی آتا ✣

نئے لفظ :۔ خالِص ۔ رُوپئے ۔ شوق ۔
بَندُوق ۔ قرِیب ۔ بَیٹھا ۔
چُولھا ✣

اجزا :۔ خا ۔ لِص ۔ رو ۔ پئے ۔ شو ۔ ق
بَن دُو ۔ ق ۔ قرِ یہ ب ۔ بَیٹھا
چُو ۔ لھا ۔ لھ ✣

ص ۔ ق

لھ ۔ ء

مشق :۔ خاِص ۔ فَرق ۔ رِچق ۔ بنگال
بیج ناتھ ۔ چُولھا ۔ کولھو ۔
دُولھا ۔ دُلھن ✣

اَے کی آواز :۔ پ ۔ پَے ۔ ش ۔ شَے ۔ ک ۔
کَے ۔ ل ۔ لَے ۔ ہ ۔ ہے ✣

دُودھ کَے آنے سیر ہَے ٭

دو روپَے کے آم لے آ ٭

شاکِر نَے سے گاتا ہَے ٭

اَے کی دوسری شکل :۔ بَے ۔ بَیر ۔ بَیل ۔ بَیٹھ ۔

بَیٹھا ۔ بَیٹھو ۔ پَے ۔ پَیر ۔ پَیسے

مَے ۔ مَیر ۔ مَیلا

ہَے ۔ ہَیر ۔ ہَیضہ

ہَیں ۔ یَیں

بے کار نہ بَیٹھو ۔ پَیسے لے جاؤ ۔ صابن لے آؤ اَور مَیلے کپڑے دھو ڈالو ۔ آج کل ہَیضے کا بڑا زور ہَے ۔ صاف کھانا کھاؤ ۔ کپڑے بھی صاف پہنو ۔ صاف ہوا میں رہو ۔ طاعون اَور پلیگ ایک بیماری کے دو نام ہیں ۔ یہ چُوہوں سے آدمی کو لگ جاتی ہَے ٭

# سبق نمبر ۱۱

ایک دِن ظَفَر شِکار کو گیا۔ وُہ بندُوق چَلانے ہی لگا تھا۔ کہ اُسے پِیچھے سے گھوڑوں کے ٹاپوں کی آواز سُنائی دی۔ اُس نے مُڑ کر دیکھا۔ پِیچھے سے فوج آ رہی تھی ٭

آگے آگے ڈھول بج رہا تھا۔ اَور پِیچھے پِیچھے گھوڑوں پَر سوار آ رہے تھے۔ ظَفَر خوف سے کانپنے لگا۔ اَور ڈر کر ایک جھاڑی کے پِیچھے چُھپ گیا ٭

پڑھے ہوئے لفظ:۔ فَوج ۔ خَوف ۔ جھاڑی ۔ ڈھول ۔ کانپنے ٭

اجزا:۔ فَو ۔ ج ۔ خَو ۔ ف ۔ جھا ۔ ڑی ۔ ڈھو ۔ ل ۔ کا ن پ نے ٭

مشق :- فَو - خَو - جھا - جھ
ڈھو - ڈھ - کانٛ

# جھ - ڈھ

جھاڑو - جھاڑا - جھاڑ - بوجھ
ڈھول - ڈَھل - ڈھب

اَو کی آواز کی مشق :- ا - اَور - شَ - شَوق -
خَ - خَوف - کَ - کَون - دَ - دَوڑ -
دَولت - مَ - مَوج - مَوت -
رَوشن ٭
دَوڑ کر آ - خَوف نہ کَر - شَوق سے
لِکھ پڑھ - جا مَوج کَر - مَوت سے نہ
ڈَر - مَکان میں رَوشن دان ہو تو رَوشنی
خُوب آتی ہَے - اَور ہوا بھی صاف رہتی
ہے - چَوکی دار نے کہا - تُم کَون ہو ٭

نُون غُنّہ کی دُوسری شکل :- کاں - کانٛ - کانٛپتے
باں - بانٛ - بانٛدھ - چاں - چانٛد

داں ۔ دانت ۔ آں ۔ آنکھ ۔
ماں ۔ مانگ ۔ ٹاں ۔ ٹانگ
مُنہ ۔ رنگ ۔ منگل
بند ۔ کنگال ۔ بھینس

منگل داس نے کہا ۔ آج میری آنکھ خراب ہے ۔ اِس وقت تو ہسپتال بند ہوگا ۔ کل ہسپتال چلیں گے ۔ اور ڈاکٹر صاحِب سے دوا لائیں گے ۔ گندے نہ رہو ۔ مُنہ ہاتھ دھوکر روٹی کھاؤ ۔ منجن سے دانت صاف کرلو ۔ آنکھیں کبھی خراب نہ ہوں گی ۔ بھینس کا دُودھ گاڑھا ہوتا ہے ؞

## سبق نمبر ۱۲

# شام کا مَدرِسہ

گاؤں میں شام کا مَدرِسہ بھی ہے۔ بڑی عُمر کے آدمی اِس مَدرِسے میں پڑھتے ہیں۔ وارِث صُبح کے وقت تو باپ کے ساتھ دُکان پر جاتا ہے۔ مگر شام کو اُس مَدرِسے میں پڑھتا ہے۔ یہ بڑا نیک اور سچّا لڑکا ہے۔ ننّھے بچّوں کی مدد کرتا ہے۔ اپنے سارے کام خُود کر لیتا ہے ۔

ہمیشہ خُوش رہتا ہے۔ جس کام سے اُس کا باپ منع کرے۔ رُک جاتا ہے۔ سب اچّھے لڑکے اُس کے دوست ہیں ۔ خواب میں بھی بُروں کے پاس نہیں

بَیٹھتا ۔ اُس کے ماں باپ کی یہ خواہش ہے ۔ کہ ہمارا بیٹا کچھ لِکھ پڑھ لے ۔ تاکہ اپنے کام اچھّی طرح کر سکے ٭

نئے لفظ :۔ عُمر ۔ صُبح ۔ ننھّے ۔ بچّوں ۔ اچھّے ۔ منع ۔ خُود ۔ خُوش ۔ خواب خواہش ٭

اجزا :۔ عمر ۔ صبح ۔ منع ٭

ع ع ح

مشق :۔ صُبح ۔ طرَح ۔ فتح ۔ عُمر
عِلم ۔ عادت ۔ عقل ۔ منع
طمع ٭

تشدید :۔ اچھ ۔ چھے ۔ اچّھے ۔ بچ ۔ چو ۔ بچّو ۔ کُت ۔ تا ۔ کُتّا ٭

بِلّی ۔ چکّی ۔ کچّا ۔ پکّا

ابّا ۔ امّاں ۔ مکّھی ۔ مچّھر

ننھ ۔ ننھا ۔ ننّھا

## نھ نھ

کچّے اَور گلے سَڑے پھَل نہ کھاؤ ۔ ہَیضہ ہو جائے گا ٭

مَچّھر کے کاٹنے سے بُخار ہو جاتا ہَے ٭

مَچّھر گندے پانی پر پلتا ہَے ٭

گڑھے مِٹّی سے بھر دو ٭

پکّی نالی بنوا لو ٭

مکّھی گندی ہوتی ہَے ۔ اِسے کھانے پر نہ بَیٹھنے دو ٭

فصل کی حالت اچّھی ہے ٭

## سبق نمبر ۱۳

# عرضی

وارِث نے دو ہی مہینے میں لِکھنا پَڑھنا سِیکھ لِیا ہَے۔ وُہ خط لِکھ پَڑھ لیتا ہَے۔ عَرضی بھی لِکھ لیتا ہَے۔ مُعاملہ کی پَرچی بھی پَڑھ لیتا ہَے۔ اَور رَسِید بھی لِکھ لیتا ہَے

ایک دفعہ بڑی ژالہ[۱] باری ہوئی۔ ژالہ باری سے لال کی ساری فصل خراب ہوگئی وارِث نے اُسے یہ عَرضی لکھ دی۔ اُس کا مُعاملہ مُعاف ہوگیا ۞

---

[۱] بڑے اولے پڑے ۞

جناب مُہتمم صاحِب بہادُر نہرِ اپر باری دوآب ڈویژن
رائے ونڈ

جناب عالی

عرض ہے ۔ کہ ژالہ باری سے میری ساری فصل تباہ ہوگئی ہے ۔ کوئی آمدنی نہیں ہوئی ۔ مہربانی فرماکر نہری مُعاملہ مُعاف فرمایا جائے ۔

فقط تاریخ

عــــــــرضی

لال ولد بہادر قوم جاٹ ساکن اکبرآباد
تحصیل ترنتارن ۔ ضلع امرتسر

نئے لفظ :- ژالہ ۔ مُعاملہ ۔ مُعاف
ڈویژن ٭

# ژا ژ

ژَال ۔ ژَالہ ۔ اژدہا ۔ ڈویژن
مُعاملہ ۔ معلُوم ۔ سِعید ؞

ژَال ایک پہلوان کا نام ہَے ؞
ژَالہ باری سے فصل تباہ ہو جاتی ہَے ؞
سعِید نے آج ایک بہت بڑا اژدہا دیکھا تھا ؞

ا ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ

د ڈ ذ

ر ڑ ز ژ

س ش ص ض

ط ظ ع غ

ف ق ک گ

ل م ن و

ہ ء ی ے

بھ پھ تھ ٹھ

جھ چھ

دھ ڈھ ڑھ

کھ گھ

لھ نھ

# اُردُو ہندسے

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹۱ | ۸۱ | ۷۱ | ۶۱ | ۵۱ | ۴۱ | ۳۱ | ۲۱ | ۱۱ | ۱ |
| ۹۲ | ۸۲ | ۷۲ | ۶۲ | ۵۲ | ۴۲ | ۳۲ | ۲۲ | ۱۲ | ۲ |
| ۹۳ | ۸۳ | ۷۳ | ۶۳ | ۵۳ | ۴۳ | ۳۳ | ۲۳ | ۱۳ | ۳ |
| ۹۴ | ۸۴ | ۷۴ | ۶۴ | ۵۴ | ۴۴ | ۳۴ | ۲۴ | ۱۴ | ۴ |
| ۹۵ | ۸۵ | ۷۵ | ۶۵ | ۵۵ | ۴۵ | ۳۵ | ۲۵ | ۱۵ | ۵ |
| ۹۶ | ۸۶ | ۷۶ | ۶۶ | ۵۶ | ۴۶ | ۳۶ | ۲۶ | ۱۶ | ۶ |
| ۹۷ | ۸۷ | ۷۷ | ۶۷ | ۵۷ | ۴۷ | ۳۷ | ۲۷ | ۱۷ | ۷ |
| ۹۸ | ۸۸ | ۷۸ | ۶۸ | ۵۸ | ۴۸ | ۳۸ | ۲۸ | ۱۸ | ۸ |
| ۹۹ | ۸۹ | ۷۹ | ۶۹ | ۵۹ | ۴۹ | ۳۹ | ۲۹ | ۱۹ | ۹ |
| ۱۰۰ | ۹۰ | ۸۰ | ۷۰ | ۶۰ | ۵۰ | ۴۰ | ۳۰ | ۲۰ | ۱۰ |

# انگریزی ہندسے

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 91 | 81 | 71 | 61 | 51 | 41 | 31 | 21 | 11 | 1 |
| 92 | 82 | 72 | 62 | 52 | 42 | 32 | 22 | 12 | 2 |
| 93 | 83 | 73 | 63 | 53 | 43 | 33 | 23 | 13 | 3 |
| 94 | 84 | 74 | 64 | 54 | 44 | 34 | 24 | 14 | 4 |
| 95 | 85 | 75 | 65 | 55 | 45 | 35 | 25 | 15 | 5 |
| 96 | 86 | 76 | 66 | 56 | 46 | 36 | 26 | 16 | 6 |
| 97 | 87 | 77 | 67 | 57 | 47 | 37 | 27 | 17 | 7 |
| 98 | 88 | 78 | 68 | 58 | 48 | 38 | 28 | 18 | 8 |
| 99 | 89 | 79 | 69 | 59 | 49 | 39 | 29 | 19 | 9 |
| 100 | 90 | 80 | 70 | 60 | 50 | 40 | 30 | 20 | 10 |